# 14

# کہاں سے آیا، کس نے پکایا

4312CH14






اوپر دی گئی تصویروں کو دیکھو۔

دونوں خاندانوں میں لوگ کس طرح کے کام کر رہے ہیں؟

کیا تمہارا خاندان ان دونوں میں سے کسی ایک خاندان کی طرح ہے؟

اگر ہاں تو کس کے جیسا؟ تمہارا خاندان اس خاندان سے کیسے ملتا ہے؟

---

صنفی کردار جیسے موضوع پر تبادلۂ خیال حساس طریقے اور سمجھداری سے کرنا چاہیے تاکہ بچے اس موضوع پر سوال تو کر سکیں مگر دوسرے کے جذبات کو ٹھیس نہ پہنچے۔

© NCERT not to be republished

اگر نہیں تو آؤ تمھارے خاندان کے بارے میں باتیں کرتے ہیں۔

* کیا تمہارے گھر میں سب لوگ ایک ساتھ کھانا کھاتے ہیں؟ اگر نہیں، تو کیوں؟

______________________________

______________________________

* سب سے آخر میں کون کھانا کھاتا ہے؟

______________________________

* کھانا پکانے میں کون مدد نہیں کرتا ہے اور کیوں؟

______________________________

______________________________

* اپنے گھر میں اور اپنے کسی دوست کے گھر میں فہرست میں دیے گئے کام کون لوگ کرتے ہیں۔ معلوم کرو اور لکھو۔ تم کچھ اور کام بھی فہرست میں جوڑ سکتے ہو۔

| کام | کون کرتا ہے | |
|---|---|---|
| | تمھارے گھر میں | تمھارے دوست کے گھر میں |
| کھانا پکانا | | |
| بازار سے سامان خریدنا | | |
| جھاڑو لگانا | | |
| برتن صاف کرنا | | |
| پانی بھرنا | | |
| | | |
| | | |
| | | |

© NCERT not to be republished

❋ زیادہ کام کون کرتا ہے؟

| |
|---|
| تمھارے گھر میں ____________ |
| دوست کے گھر میں ____________ |
| |



## جو کھایا، وہ کہاں سے آیا؟

نیچے کچھ کھانے پینے کی چیزوں کے نام لکھے ہوئے ہیں۔ جو چیزیں ہم پیڑ پودوں سے حاصل کرتے ہیں ان پر ہرے رنگ سے ◯ لگاؤ۔ جو چیزیں ہمیں جانوروں سے ملتی ہیں ان پر لال رنگ سے ◯ بناؤ۔ خالی جگہوں میں کچھ نام تم بھی جوڑو۔

| | | | |
|---|---|---|---|
| شہد | ہلدی | مچھلی | ____________ |
| مکّا | دودھ | لیموں | ____________ |
| پالک | آلو | اجوائن | ____________ |
| انڈا | گوشت | کیلا | ____________ |
| ٹماٹر | پیاز | ____________ | ____________ |



جب تم بیمار پڑتے ہو تو کیا پودوں سے ملنے والی کوئی دوا استعمال ہو؟ کون سی استعمال کرتے ہو؟


- چوٹ لگنے پر ____________________________________
- پیٹ درد ہونے پر ____________________________________

بچوں کے آس پاس کے ماحول میں پائے جانے والے اُن پیڑ پودوں کی شناخت میں مدد کیجیے جن کا استعمال دواؤں کے طور پر ہوتا ہے۔ اس سے ادویاتی پودوں کے بارے میں اُن کے روایتی علم میں اضافہ ہوگا۔

© NCERT not to be republished

- کھانسی کے لیے ____________________
- دانت میں درد ہونے پر ____________________

ہر چیز کے لیے صحیح ٹوکری چنو۔ لائن کھینچ کر ملان کرو۔




اس سبق میں پودوں کے کچھ ایسے حصوں کو دیا گیا ہے جو ہمارے کھانے کا حصہ ہیں۔ تبادلۂ خیال کے ذریعے اس فہرست میں مزید اضافہ کیا جاسکتا ہے۔

© NCERT not to be republished